© rasailojaraid.com



ابھی تو جعفر بیعت کنندۂ حضورؐ کی اور نعتیں آئیں تو نجانے ہمارے تصورات سے کتنی بلند ہوں گی۔

---

**مسلم دنیا ۱۹۹۰ء** تحریر و تحقیق: فیض احمد شہابی۔ باہتمام ادارۂ معارفِ اسلامی منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۳۹۰۔ سفید کاغذ پر خوشنما کمپیوٹری طباعت۔ سادہ و رنگین ٹائیٹل۔ قیمت: یک صد روپے۔

اس کی ترتیب کچھ ایسی ہے کہ عالمِ اسلام کی اسے YEAR BOOK سمجھ لیجیے۔ مختصر سا پیش لفظ مولانا خلیل حامدی ڈائریکٹر ادارہ نے لکھا ہے۔ پہلا باب ہے "تنظیمیں" یعنی اسلامی ممالک میں کون کون سی تنظیمیں کام کر رہی ہیں۔ پھر موضوع ہے ۱۹۸۹ء حالات و واقعات کے آئینے میں۔ یہ گویا بہت مختصر سا حالات کا سال بھر کا جائزہ ہے۔ پھر ۵۲ ملکوں کے اجمالی کوائف بیان کیے گئے ہیں۔ مثلاً آپ سعودی عرب کو نکالیے، ص ۱۶۲۔ تو حسبِ ذیل بغلی عنوانات ملیں گے

۱۔ دارالحکومت ۲۔ مختصر تاریخ ۳۔ سعودی حکمران ۴۔ طرزِ حکومت ۵۔ خارجہ پالیسی ۶۔ معیشت ۷۔ تیل سے حاصل ہونے والی آمدنی ۸۔ زراعت ۹۔ صنعت و حرفت ۱۰۔ ذرائع مواصلات۔ (سڑکیں، بندرگاہیں، شہری فضائیہ) ۱۱۔ تجارتی بحری بیڑہ ۱۲۔ بڑے شہر ۱۳۔ معدنیات ۱۴۔ مسلح افواج ۱۵۔ تعلیم ۱۶۔ اخبارات و جرائد ۱۷۔ مشہور روزنامے ۱۸۔ سلسلۂ حالات ۱۹۔ حالاتِ حاضرہ۔

اس سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس کتاب کا نقشۂ ترتیب کیسا ہے۔ نیز یہ طلبہ کے لیے، کوئز پروگراموں کے لیے، صحافیوں کے لیے اور مختلف لائبریریوں کے لیے کتنی مفید ہے۔

---

**متاعِ آخرِ شب** مجموعہ کلام حفیظ میرٹھی۔ ناشر: ادارۂ معارفِ اسلامی منصورہ لاہور صفحات: ۱۶۰۔ کاغذ طباعت بہت مناسب۔ سادہ مگر آرٹسٹک ٹائیٹل۔ قیمت درج نہیں۔

حفیظ میرٹھی سے ملاقات کر کے بڑی خوشی ہوئی، جیسے کوئی گم شدہ ساتھی مل گیا ہو۔

© rasailojaraid.com